مریض پریشان، شعبہ حادثات کی مرمت و تزئین کا کام بھی سال بعد مکمل نہ ہوسکا

ہدایت نہ ملنے کی وجہ سے بھرتیاں نہیں کی جا رہیں: ایم ایس کی ایکسپریس سے گفتگو

کراچی (رپورٹ: طفیل احمد) صوبے کا سب سے بڑا ٹیچنگ ہسپتال سول ہسپتال میں حکومت سندھ کی عدم توجہی کی وجہ سے 623 آسامیاں خالی ہیں، ان خالی آسامیوں پر گزشتہ کئی برسوں سے ملازمین کی بھرتیاں نہیں کی جاسکیں جس کی وجہ سے سول ہسپتال میں ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی شدید قلت (باقی صفحہ 4 نمبر 5)



نوشکی، سلطان چڑھائی پر بریک فیل ہونے سے حادثے کا شکار ہونے والی بس الٹی ہوئی ہے

## زرداری، شہباز شریف میں جھپی، خٹک نے سعد رفیق کو گلے لگایا

صحافیوں کا تشدد کے مختلف واقعات کیخلاف احتجاج، فواد چودھری، شہریار آفریدی کی معذرت

اسلام آباد (خصوصی نیوز رپورٹر، خبر ایجنسیاں) سابق صدر آصف علی زرداری اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف ایک دوسرے کو دیکھتے ہی بغل گیر ہوگئے جبکہ وزیر دفاع پرویز خٹک نے خواجہ سعد رفیق کو گلے لگایا۔ اے پی پی کے مطابق جمعرات کو قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران شہباز شریف (باقی صفحہ 4 نمبر 6)

## پاکستان اور سعودیہ امہ کے مسائل حل کر سکتے ہیں، نور الحق قادری

دونوں کے تعاون سے مسئلہ کشمیر، یمن، فلسطین اور شام جیسے مسائل حل ہوسکتے ہیں

اسلام آباد (اپنے سٹاف رپورٹر سے) وفاقی وزیر مذہبی امور پیر نور الحق قادری نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب امہ کے مسائل حل کر سکتے ہیں، دونوں ممالک کے باہمی تعاون سے مسئلہ کشمیر، یمن، فلسطین اور شام جیسے مسائل حل ہوسکتے ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین سے سلطان فیض الحسن (باقی صفحہ 4 نمبر 7)

عوامی بجٹ ----- عوامی ترجیحات

مالیاتی نظم وضبط، جدت کاری، کفایت شعاری

419.922 بلین روپے
کا تاریخی بجٹ 20-2019

108.133 بلین روپے
کا ریکارڈ ترقیاتی پروگرام

عوامی مفاد کے اہم ترقیاتی منصوبے اور اقدامات

وزیراعلیٰ ضلعی ڈویلپمنٹ پلان کے لئے 500 ملین روپے مختص
صوبائی محکموں میں مجموعی طور پر 5445 نئی آسامیاں پیدا کرنے کا اعلان
سیکنڈری ایجوکیشن کیلئے 55.72 بلین روپے مختص
ہائر ایجوکیشن کیلئے 14.95 بلین روپے مختص
صحت کے شعبے کیلئے 34.18 بلین روپے مختص
2.5 بلین روپے مفت ادویات کی فراہمی کے لیے مختص
صنعت اور توانائی کے شعبوں کے لیے 19.7 بلین روپے مختص
بلوچستان عوامی ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کیلئے 5300 ملین روپے مختص
سماجی تحفظ اور غربت مٹاؤ اتھارٹی کا قیام
کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے لیے 3 بلین روپے مختص
کوئٹہ میں آئی ٹی پارک کے قیام کے لیے 500 ملین روپے
مواصلات وتعمیرات کے لیے ترقیاتی مد میں 29.540 بلین روپے مختص
لورالائی، واحدین اور خضدار میں ماربل سٹی کے قیام کے لیے 300 ملین روپے مختص
ڈیموں کی تعمیر کے لیے 500 ملین روپے مختص
صوبے کے ہونہار طلبا وطالبات کو میرٹ کی بنیاد پر لیپ ٹاپ کی فراہمی کے لیے 100 ملین روپے مختص

کیٹل فارمنگ کے لیے 52 بلین روپے مختص
کوئٹہ ماسٹر پلان کے لیے 300 ملین روپے مختص
ایکو ٹورازم کی ترقی کے لیے 500 ملین روپے مختص
ساحلی پٹی کی ماسٹر پلاننگ کے لیے 150 ملین روپے مختص
ورکنگ ویمن ہاسٹل کی تعمیر کے لیے 600 ملین روپے مختص
میڈیا اکیڈمی کے قیام کے لیے 30 ملین روپے مختص
غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی
چھتر پروگرام کے اجراء کے لیے 250 ملین روپے مختص
نوجوانوں کو بلاسود قرضوں کی فراہمی کے لیے 600 ملین روپے مختص
123 نئے پرائمری اسکول قائم کرنے کا اعلان
500 ملین روپے کی لاگت سے Voucher Scheme کا اجراء
پہلی مرتبہ 4 نئے جامعات کے سب کیمپس کے قیام کا اعلان
معذور ملازمین کے لیے 2 ہزار روپے اسپیشل الاؤنس کا اعلان
گرین ٹریکٹر پروگرام کے لیے 250 ملین روپے مختص
1 بلین روپے روشن بلوچستان سولر پراجیکٹ کے لیے مختص



ترقی کی راہ پر بلوچستان
بر قدم خوشحال پاکستان

SS-21/2018-19

محکمہ اطلاعات حکومت بلوچستان

کوئٹہ، اسلام آباد، کراچی، لاہور، پشاور، ملتان، فیصل آباد، گوجرانوالہ، سرگودھا، رحیم یار خان اور سکھر سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد قومی روزنامہ۔ ایڈیٹر انچیف، پبلشر اور پرنٹر سلطان علی لاکھانی نے میٹرکس پریس ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر سنچری پبلی کیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے حضرت پیر ابوالخیر روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ مینجنگ ایڈیٹر: اعجاز الحق، گروپ ایڈیٹر: ایاز خان، ایڈیٹر: طاہر نجمی

METROPOLITAN میٹروپولیٹن

DAILY EXPRESS روزنامہ سنچری ایکسپریس کوئٹہ
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

# کوئٹہ کی 30 لاکھ آبادی دودھ فروشوں کے رحم و کرم پر

## انڈین خشک دودھ اور دیگر کیمیکلز سے تیار دودھ کے استعمال سے شہری منہ کے کینسر، معدے کے السر، پیٹ کی بیماریوں کا شکار، ڈاکٹروں نے تصدیق کر دی

### فوڈ کنٹرول اتھارٹی کی کارروائیاں محدود، مہینوں پہلے لئے گئے سیمپل کے لیبارٹری ٹیسٹ کی رپورٹ تا حال نہیں آئی، حکام سے نوٹس کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کی 30 لاکھ آبادی دودھ فروشوں کے رحم و کرم پر آ گئی۔ انڈین کیمیکل والا خشک دودھ اور دیگر کیمیکلز کے استعمال سے شہری منہ کے کینسر، معدے کے السر، پیٹ کی کئی بیماریوں کے علاوہ کولیسٹرول بڑھ جانے کا شکار ہو گئے۔ بلوچستان فوڈ کنٹرول اتھارٹی کی کارروائیاں محدود ہونے پر ہیں مہینوں پہلے لئے گئے سیمپل کے لیبارٹری ٹیسٹ کی رپورٹ ابھی تک نہیں آئی۔ ڈاکٹروں نے خشک کیمیکل اور جراثیم ملے دودھ کے استعمال سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی تصدیق کر دی۔ شہریوں نے وزیر اعلیٰ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ڈیری فارمز مالکان اور بلوچستان بھینس کالونی ایسوسی ایشن نے بھی حوالے سے انتظامیہ کو خاطر میں نہیں لاتی اور اپنی مرضی کے نرخوں پر دودھ 110 روپے لیٹر اور دہی 115 روپے فی کلو گرام فروخت کر رہے ہیں، انتظامیہ نے رمضان المبارک سے قبل ان کے نرخ مقرر کر رکھے تھے لیکن یہ صرف شہریوں کو دھوکہ دے رہے ہیں بلکہ انہیں کیمیکل ملا انڈین خشک دودھ فروخت کر کے صحت کے ساتھ کھیل رہے ہیں، انتظامیہ کا کوئی چیکنگ بھی ان کے سامنے کام نہیں آ سکا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ انڈین خشک دودھ جس میں کیمیکل ملا ہوتا ہے دن رات گھروں اور دکانوں میں تیار کر کے فروخت کیا جاتا ہے۔ ماہر ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ خشک دودھ سے معدے کا السر، منہ کا کینسر، چھوٹی بڑی آنت کی بیماریاں تیزی کے ساتھ پھیل رہی ہیں اس دودھ کے استعمال سے شریانوں میں خون جم جاتا ہے جس سے مزید امراض جنم لیتے ہیں۔



کوئٹہ: ینگ پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرے کی قیادت جمال شاہ کاکڑ کر رہے ہیں

## سابق حکومت میں بنائی گئی علماء کونسل کو ختم کیا جائے: نواز القادری

کوئٹہ (پ ر) اسلامی تحریک عوام کے چیف آرگنائزر علامہ ملک نواز القادری نے کہا ہے کہ سابق دور حکومت میں بنائی گئی علماء کونسل کو فوری ختم کیا جائے، علماء کونسل کا کوئی کردار سابق حکومت یا موجودہ حکومت میں نظر نہیں آیا، ہماری وزیراعظم، وفاقی وزیر مذہبی امور سے اپیل ہے کہ تمام علماء کونسل کو فوری ختم کیا جائے اور کونسل میں بلوچستان کے سینئر جید علماء کرام و مشائخ عظام کو شامل کیا جائے۔



کوئٹہ: ایم پی کا کے صوبائی جنرل سیکرٹری عبداللہ صافی، طارق جاوید و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

# شہر کے گنجان علاقوں میں 6، 6 گھنٹے لوڈشیڈنگ، مکینوں کا جینا حرام

### گھنٹوں بجلی کی بندش سے نہ دن کو سکون اور نہ رات کو چین کی نیند آتی ہے، بجلی آ جائے تو وولٹیج پورے نہیں ہوتے، مکین

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) شہر کے گنجان آبادی والے علاقوں میں بجلی کی اچانک اور بار بار بندش سے شہری پریشان، عین وقت کے گھنٹوں کے حساب سے بجلی بند کی جانے لگی، عوامی حلقوں کے مطابق کیسکو والے کسی بھی علاقے کی بجلی اچانک بند کر دیتے ہیں، شہر کے جن علاقوں میں لوڈشیڈنگ ہوتی ہے ان میں کوری روڈ سمیت فاطمہ جناح روڈ اور دیگر علاقوں میں پہلے تو صرف چھ چھ گھنٹے بجلی بند کی جاتی تھی مگر اب کسی بھی وقت بجلی بند کر دی جاتی ہے، گرمی رات کو بھی دن میں کئی کئی گھنٹے بجلی کی بندش کا جواز سمجھ سے بالاتر ہے اور جب بھی اس بارے میں متعلقہ حکام سے بات کی جائے تو تسلی بخش جواب دینے سے ہی قاصر ہوتے ہیں جبکہ بجلی کی وولٹیج بھی اکثر علاقوں میں اس قدر کم ہوتی ہے کہ ایک زیرو واٹ کا بلب بھی نہیں جلتا، پانی اور کاروباری حلقوں سمیت گھریلو صارفین پریشان ہیں، انہوں نے بجلی کی بندش کا نوٹس لیا جائے اور حقدار کو بجلی کی بندش کو ختم کرنے کیلئے کردار ادا کریں۔



کوئٹہ: بلوچستان فارماسسٹس الائنس کے ممبران پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ میں بیٹھے ہیں

## سیکرٹری بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن نے رجسٹریشن کی آخری تاریخ میں توسیع کر دی

کوئٹہ (اے پی پی) سیکرٹری بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن محترم پروفیسر شوکت علی مری ہوئے کہا ہے کہ تمام سکول انتظامیہ کے مسائل کو مد نظر رکھتے ہوئے نئی تاریخ کا اعلان کر دیا، بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا سیکرٹری بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن نے کہا کہ تمام سکول انتظامیہ کے مسائل کو مد نظر رکھتے ہوئے رجسٹریشن کی آخری تاریخ میں توسیع کرتے ہوئے رجسٹریشن کی آخری تاریخ 2019/07/15 تک بڑھا دی ہے جس کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔

## صفائی مہم کو ہر صورت کامیاب بنائیں گے: اتحاد میٹرو کارپوریشن

### مزدوروں کی تنخواہوں میں مہنگائی کے تناسب سے اضافہ کیا جائے، اجلاس میں حکومت سے مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) اتحاد میٹروپولیٹن کارپوریشن لیبر یونین سی بی اے کوئٹہ کے زیر اہتمام ایک ہنگامی اجلاس زیر صدارت حاجی حضرت خان منعقد ہوا اجلاس میں یونین کے عہدیداران سینئر نائب صدر حاجی محمد یوسف صدر اول محمد رحیم صاحب، اسسٹنٹ جنرل سیکرٹری ندیم کھوکھر و دیگر نے شرکت کی اجلاس میں جنرل سیکرٹری ندیم کھوکھر نے ایجنڈا پیش کیا۔ ایجنڈے میں سرفہرست انتظامیہ کی جانب سے صفائی مہم کے حوالے سے اجلاس کے شرکاء کو آگاہ کیا گیا اجلاس میں تمام اراکین نے تفصیلی بحث کی اور یہ عہد کیا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن ہمارا ادارہ ہے ہم اس ادارے کی تعمیر و ترقی اور کوئٹہ کی شہریوں کی خدمت ہمارا نصب العین رہا ہے اور ہم نے کبھی محنت میں کوتاہی نہیں کی اور نہ ہی آئندہ کریں گے جنرل سیکرٹری ندیم کھوکھر نے اجلاس کو بتایا کہ ادارے کے عملہ صفائی کی تعداد کوئٹہ شہر کے تناسب میں انتہائی کم ہے لیکن ہم اپنے صدر کی قیادت میں وزیراعلیٰ کے صفائی مہم ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ کی نگرانی میں اس مہم کو کامیاب بنائیں گے اور تمام ملازمین کوشش سے تاکید کی گئی کوتاہی برتنے والے ملازمین کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ بلوچستان بھر کے مزدور اس وقت انتہائی کسمپرسی کی حالت میں زندگی بسر کر رہے ہیں مزدوروں کی تنخواہ انتہائی کم ہے مہنگائی کے اس دور میں گزر بسر کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے مزدوروں کی تنخواہوں میں مہنگائی کے تناسب سے اضافہ کیا جائے۔

## دشمن کی سازش ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں: بابر یوسفزئی

کوئٹہ (پ ر) تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی رہنما سابقہ ترجمان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے جس طرح بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے بزدل دشمن کی سازش ناکام بنائی اس پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں صوبے میں امن و امان کی صورتحال ماضی کی نسبت بہت بہتر ہے عوام اپنے سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ ہے۔



کوئٹہ: چیف سیکرٹری بلوچستان ڈاکٹر اختر نذیر سے ڈائریکٹر جنرل نادرا کرنل (ر) عبدالرحمان ملاقات کر رہے ہیں

## شہر کے متعدد یوٹیلٹی سٹورز سے چینی غائب، صارفین پریشان

### تبدیلی سرکار کے عوام کو ریلیف دینے کے وعدے وفا نہ ہو سکے توجہ کی ضرورت ہے، شہری

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ شہر کے اکثر یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی غائب۔ شہری چینی کی تلاش میں سرگرداں ہے عوامی حلقوں کے مطابق ایک جانب سرکار نے انہیں ریلیف دینے کے جو وعدے کئے وہ وفا نہ ہو سکے اسی طرح سے اب یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی کا غائب ہونا انکے لئے دوسرا دھچکا ہے جبکہ پہلے چینی 70 روپے تک فروخت کی جا رہی تھی اور نئے بجٹ کے مطابق بتایا گیا ہے کہ اکثر یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی کے اسٹاک پہنچے پر چینی 74 روپے تک فروخت کی جاتی رہی شہریوں نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی کی فراہمی کیلئے موثر اقدامات کئے جائیں کیونکہ متوسط طبقہ جب چینی کی خریداری کے لئے یوٹیلیٹی اسٹورز جاتا ہے تو انہیں پہلے کہا جاتا ہے کہ کل چینی آئے گی اور جب دوسرے روز جاتے ہیں تو انہیں چینی نہیں ملتی۔

# طویل لوڈشیڈنگ، سولر سسٹم پر چلنے والے پنکھے و ایئر کولر کی مانگ میں اضافہ

### گھنٹوں بجلی کی بندش سے ہر طبقہ پریشان، سولر سسٹم پر چلنے والی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ، دکانداروں کی بھی چاندی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بجلی کی بندش کے باعث شہر بھر میں سولر سسٹم پر چلنے والے پنکھے، ایئر کولر و دیگر اشیاء کی خریداری میں تیزی آ گئی گھنٹوں کی بجلی کی بندش نے ہر طبقے کو پریشان کر دیا۔ سولر سسٹم پر چلنے والی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ، دکانداروں کی بھی چاندی ہو گئی جبکہ سولر سسٹم کے تحت چلائی جانے والی اشیاء کی خریداری کے لئے شہریوں کا بازاروں میں رش بڑھ گیا دکانداروں کے مطابق اس وقت سولر سسٹم کی مانگ شہری علاقوں کے ساتھ دیہاتی علاقوں میں بھی زیادہ ہو چکی ہے جس میں سولر سسٹم تین ہزار سے لیکر چودہ ہزار اور پچاس ہزار تک ہیں جبکہ اسی طرح سے سولر سسٹم پر چلنے والے پنکھے تین ہزار سے لیکر چار ہزار اور ایئر کولر پانچ ہزار سے لیکر چودہ ہزار تک فروخت کئے جا رہے ہیں شہریوں کے مطابق بجلی کی بندش نے انہیں اس قدر پریشان کر کے رکھ دیا ہے کہ گھروں میں بچوں کو گرمی سے بچانے کیلئے سولر سسٹم پر چلنے والے پنکھے اور کولر سمیت مختلف اشیاء خریدا کرنے لگے ہیں دوسری جانب گرمی اور لوڈشیڈنگ کا فائدہ اٹھانے والے دکانداروں نے سولر سسٹم پر چلنے والی اشیاء کی قیمتوں میں بھی من مانا اضافہ کر کے انہیں اس سے بھی محروم کرنا شروع کر دیا ہے۔

## ون وے کی خلاف ورزی روکنے کیلئے نصب سپائیکس غیر فعال

### جناح روڈ، آرچر روڈ اور لیاقت بازار کے سپائیکس ٹھیک نہ ہونے سے ٹریفک شدید متاثر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) شہر کے مختلف مقامات پر ون وے ٹریفک کو کنٹرول کرنے کے لئے لگائے گئے روڈ سپائیکس ایک بار پھر سے غیر فعال ہو گئے جناح روڈ آرچر روڈ، مسجد روڈ کاکڑ اور لیاقت بازار کی گلیوں سمیت سید احمد روڈ کاکڑ مغلوار روڈ اور دیگر مقامات پر روڈ سپائیکس غیر فعال ہونے سے ہر کوئی ان سے گزر جاتا ہے اور کوئی بھی اس جانب توجہ نہیں دے رہا شہریوں نے ٹریفک پولیس اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جہاں جہاں سے بھی روڈ سپائیکس خراب ہو چکے ہیں انکی مرمت کرا کے انہیں دوبارہ سے بہتر کیا جائے۔

## پوسٹ گریجویٹ کالج سریاب سمسٹر مانیٹرنگ بورڈ کا اجلاس

### اجلاس میں براہوئی، بلوچی اور پشتو کو بی ایس پروگرام میں شامل کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (پ ر) گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج سریاب کوئٹہ میں کالج سمسٹر مانیٹرنگ بورڈ کا اہم اجلاس پرنسپل پروفیسر حسین زہری کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جس میں کالج کے بی ایس کوآرڈینیٹر پروفیسر جاوید شاہ، وائس پرنسپل پروفیسر اشرف بلوچ، پروفیسر احمد جان اور مختلف مضامین کے سربراہان کے علاوہ شعبہ لسانیات کے اساتذہ نے شرکت کی جس میں دیگر امور کے علاوہ براہوئی، بلوچی اور پشتو بی ایس پروگرام کی باقاعدہ منظوری دی گئی ان مضامین میں اسسٹنٹ وائس چیئرمین پروفیسر گے۔ براہوئی ڈیپارٹمنٹ یونیورسٹی آف بلوچستان، براہوئی اکیڈمی اور براہوئی ادبی سوسائٹی نے براہوئی، بلوچی، پشتو زبانوں میں بی ایس پروگرام کے اجراء کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی مادری زبانوں کو تدریسی زبانوں میں ڈھالنے کی جانب یہ ایک اہم پیشرفت ہے ان اداروں کی جانب سے کہا گیا ہے کہ براہوئی زبان خطے کی سب سے قدیم زبان ہے اور لسانیات کے شعبے میں اس زبان کی قدامت کی وجہ سے خاص اہمیت حاصل ہے گو کہ اس زبان کو دیگر مادری زبانوں کی طرح سرکاری سرپرستی نہیں ملی ہے۔ جو ایک المیہ سے کم نہیں ہے اس حوالے سے بلوچستان یونیورسٹی کو کریڈٹ جاتا ہے کہ اس نے یہاں کی مادری زبانوں کی ترقی و ترویج کیلئے نہ صرف اس کی ابتداء میں ان زبانوں کے شعبہ قائم کئے بلکہ 2014ء سے باقاعدہ ایم فل اور پی ایچ ڈی کا سلسلہ شروع کیا گیا دوسری جانب سابق دور حکومت میں مادری زبانوں کو تدریسی زبان کا درجہ دیا گیا تاہم اب بھی ان زبانوں کی ترقی و ترویج کے حوالے سے بہت کام کی ضرورت ہے۔



کوئٹہ: کمشنر کوئٹہ ڈویژن عثمان علی خان شہر میں جاری ترقیاتی کاموں کے معیار کا جائزہ لے رہے ہیں



کوئٹہ: ایڈمنسٹریٹر طارق جاوید مینگل میٹروپولیٹن کارپوریشن کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کر رہے ہیں

# صفائی مہم، 3 دن کے دوران 300 ٹن کچرا ٹھکانے لگایا گیا

## عملہ صفائی نے شہر کے مختلف علاقوں گوالمنڈی چوک، مسجد روڈ، کواری روڈ، میکانگی روڈ، لیاقت و قندھاری بازار اور نواح سے کچرا اٹھایا

### عملہ مہم کی کامیابی کیلئے کوشاں ہے، سیوریج نالوں کی بھی صفائی جاری ہے، عوام بھی تعاون کریں، کوڑا کچرا دانوں میں پھینکیں، سعد اللہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) میٹروپولیٹن کارپوریشن نے صفائی مہم کے دوران تین روز میں شہر کے مختلف علاقوں سے تین سو ٹن کچرا ٹھکانے لگا دیا جبکہ مختلف علاقوں گوالمنڈی چوک، مسجد روڈ، کواری روڈ سمیت میکانگی روڈ اور لیاقت بازار سمیت قندھاری بازار اور نواح سے محلے نے ہنگامی بنیادوں پر صفائی ستھرائی کرتے ہوئے کچرے کو ٹھکانے لگایا اس بارے میں سینیٹری انسپکٹر زون ون سعد اللہ کے مطابق انہوں نے بی ایم او میٹروپولیٹن کارپوریشن کی ہدایت پر صفائی ستھرائی کے نام کو مزید فروغ دیتے ہوئے اس کیا اور کچرے دانوں سمیت گلی محلوں سے نالیوں سے کچرا اٹھا کر ڈمپ کیا جس میں دن رات کے اوقات میں محلے کی مدد سے صفائی ستھرائی کی جس میں میکانگی روڈ لیاقت بازار قندھاری بازار اور نواحی علاقوں سے کچرا اٹھا کر ٹھکانے لگا گیا۔ جن علاقوں میں نالیاں بند تھیں وہاں سے بھی کچرے کو نکالا گیا نالیوں کو بھی کھول دیا ہے گوالمنڈی چوک اور نواح میں نالیوں کی بندش کی شکایات پر بھی عملہ ہنگامی بنیادوں پر شہر بھر میں صفائی ستھرائی کیلئے دن رات کام کر رہا ہے۔ جہاں سے ہمیں شکایات آتی رہیں وہ مسائل حل کر رہے ہیں تاہم شہری بھی ذمہ داری کا ثبوت دیں اور کچرا گلی محلوں میں پھینکنے کی بجائے کچرا دانوں میں پھینکیں۔

## آل پاکستان تاجر کنونشن سنگ میل ثابت ہوگا، عبدالقیوم آغا

کوئٹہ (پ ر) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے جنرل سیکرٹری سید عبدالقیوم آغا، تاجر امن کمیٹی کے ایگزیکٹو ممبر سیف الدین شاہ، جنرل سیکرٹری محمد سرور خان اچکزئی، سید کمال آغا، محمد اسماعیل داوی، حاجی اللہ داد خان اچکزئی اور دیگر رہنماؤں نے آل پاکستان تاجر کنونشن ملتان کو تاجروں کی اتحاد و اتفاق کیلئے سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پہلی بار پورے پاکستان کی تاجروں کی مشاورت سے ایک ایسی تاجر تنظیم سازی ہو رہی ہے جس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی پورے پاکستان کی تاجروں کی اتحاد و اتفاق سے تاجروں کی مسائل حل ہوں گے 30 جون کو ملتان تاجر کنونشن پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑا کنونشن ہوگا۔

## میٹروپولیٹن ملازمین کیلئے ایمبولینس کی سہولت فراہم کی جائے، محمد شاکر ترین

کوئٹہ (پ ر) میٹروپولیٹن ایمپلائز ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ کے چیئرمین محمد شاکر ترین نے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ملازمین شہر کی صفائی کے ساتھ ساتھ عوام کی ہر طرح کی خدمت میں شب و روز اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں لیکن اکثر ملازمین کو جو کہ شہر کے نواحی علاقوں میں رہتے ہیں بعض اوقات بیماری کی صورت میں مریضوں کو ہسپتال لانے کی سخت دقت کا سامنا کرتے ہوئے شدید پریشانی کا شکار ہیں، ہم وزیراعلیٰ سے اپیل کرتے ہیں کہ میٹروپولیٹن کے ملازمین کے لئے اس بے بسی کو ختم کرتے ہوئے ایک ایمبولینس فراہم کی جائے۔



کوئٹہ: بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی آپریشنل ٹیم مشرقی بائی پاس پر واقع آئسکریم بنانے اور مختلف اشیاء بنانے والی فیکٹریوں کا معائنہ کر رہی ہے







## نو منتخب امیر کارکنوں کی وحدت کیلئے کردار ادا کریں: مفتی ممتاز

### ان کے شانہ بشانہ جماعت کو فعال بنانے میں اہم کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہیں: مولانا عطاء اللہ

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ حلقہ سریاب مولانا عبداللہ سندھی گلی سرہ یونٹ کے سرپرست اعلیٰ مفتی ممتاز احمد عثمانی، امیر مولانا عطاء اللہ رحمانی، جنرل سیکرٹری مفتی نیاز محمد، نائب جنرل سیکرٹری حافظ عبدالرؤف آصف، سید ہدایت اللہ، مفتی عبدالقیوم، سیکرٹری اطلاعات یوسف وقار شاہوانی نے جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی کنوینئر مولانا عبدالخالق مری کو پرامن ماحول میں انتخابات کرانے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور ضلعی کنوینئر مولانا خورشید احمد اور ان کے معاونین کو ضلع کوئٹہ میں جماعت کو فعال بنانے بہترین انداز میں جماعتی رکن سازی اور تنظیم سازی کرانے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ حلقہ سریاب مولانا عبداللہ سندھی گلی سرہ یونٹ کی طرف سے نو منتخب امیر اور جنرل سیکرٹری کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم شب و روز ان کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے ان کے شانہ بشانہ جماعت کو فعال بنانے میں اہم کردار ادا کیلئے تیار ہے اور توقع رکھتے ہیں کہ نو منتخب امیر اور جنرل سیکرٹری ایک فعال تنظیم اور کابینہ تشکیل کر کے جماعت کو فعال اور کارکنوں کی وحدت کیلئے اہم کردار ادا کریں گے ان شاء اللہ جمعیت علماء اسلام بھرپور انداز میں ترقی کرتے ہوئے حقیقی معنوں میں فعال جماعت بن کر سامنے آئے گی۔

## اکابرین کے مشن پر سودے بازی نہیں کرنے دینگے: عبدالستار چشتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی اپنے اکابرین و اسلاف کی افکار کی امین جماعت ہے ہمارا مشن و پروگرام شخصیات نہیں نہ مفادات ہے ہمارا پروگرام اسلاف اکابرین کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کا ہے انشاء اللہ اس سے پایہ تکمیل تک پہنچانے کا عزم عہد کر رکھا ہے۔ اکابرین کے مشن پر سودا بازی کرنے نہیں دینگے۔ انہوں نے کہا کہ قوم نام نہاد مذہبی جماعتوں اور قوم پرستوں کی دوغلی سیاست سے مایوس ہو چکے ہیں جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے قول و فعل میں تضاد نہیں جو دعویٰ کرتے ہیں وہ عمل کر کے دکھاتا ہے۔






کوئٹہ: ایکشن کمیٹی واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کے زیر اہتمام حافظ عصمت اللہ کی قیادت میں پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا جا رہا ہے

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس
www.express.com.pk

پاکستان کا واحد کثیر الاشاعت اخبار جسے گیارہ شہروں سے بیک وقت چھپنے کا اعزاز حاصل ہے

# ایڈیٹوریل

جمعۃ المبارک ' 24 شوال 1440ھ ' 28 جون 2019ء

لاہور: N-48، انڈسٹریل ایریا، گلبرگ II، لاہور
فون: 7-042-35878700 فیکس: 042-35878708
اسلام آباد: آب پارہ 15، خیابان سہروردی
فون: 7-051-2624821 فیکس: 051-2879134
کراچی: پلاٹ نمبر 5، ایکسپریس وے، آف کورنگی روڈ
فون: 58-021-35800051 فیکس: 021-35800050

## اقتصادی ریلیف دیں، مہنگائی روکیں

اقتصادی رابطہ کمیٹی نے بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کی منظوری دے دی، حتمی منظوری وفاقی کابینہ دے گی۔ یہ فیصلہ ای سی سی کا اجلاس مشیر خزانہ حفیظ شیخ کی زیر صدارت ہوا جس میں گیس اور بجلی کی قیمتوں میں اضافے کی منظوری دی گئی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کی 2 بنیادی شرائط کے تحت حکومت نے بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ کیا ہے۔ صارفین سے 556 ارب روپے اضافی وصول کیے جائیں گے۔ بجلی کی قیمت میں ایک روپیہ 50 پیسے فی یونٹ اضافے کی منظوری دی گئی ہے تاہم 300 یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والے صارفین پر اطلاق نہیں ہو گا جبکہ گیس کی قیمتوں میں 190 فیصد تک اضافے کی منظوری دی گئی ہے اس طرح صارفین سے اضافی 334 ارب روپے وصول کیے جائیں گے۔ حکومت نے مالی سال کے دوران دوسری دفعہ اضافہ کیا ہے۔

اس معروضی اقتصادی صورتحال سے کسی کو انکار نہیں کہ حکومت معیشت کے گرداب میں الجھی ہوئی ہے، تجارتی اور کاروباری معمولات میں ایک سائنسی اور مالیاتی ترتیب پیدا ہونے کے امکانات ابھی معدوم ہیں، سٹاک مارکیٹ کی صورتحال تشویشناک ہے، ڈالر 163 کا ہو گیا ہے، سونا بلند ترین سطح سے پیچھے ہٹنے کا نام نہیں لے رہا، میڈیا پر اس قسم کی خبریں بھی آ رہی ہیں کہ ڈالر اور سونا ملکی اقتصادی تاریخ کے ایک سے رومانس میں مبتلا ہو گیا ہے اور سونا متوسط طبقے کی دسترس سے باہر ہو چکا ہے، کسی سفید پوش کے لیے اپنی بیٹی کی شادی کیلیے دو تولے سونا خریدنے کی صرف حسرت ہی باقی رہ گئی ہے، اکثر کاریگر آرٹیفیشل جیولری کی صنعت کے فروغ سے امیدیں وابستہ کیے ہوئے ہیں، مارکیٹ میں آرٹیفیشل جیولری فیشن نہیں۔ معاشی منظرنامہ...

[illegible]

کے پیش نظر گیس کی قیمتوں میں اضافے کی سری حتمی منظوری کیلیے وفاقی کابینہ کے اجلاس میں پیش کرنے کی منظوری دی ہے اور ساتھ ہی اجلاس میں ایل این جی کی تقسیم کی جانب اور وزارت پٹرولیم و قدرتی وسائل کی جانب سے بجلی والی سمریوں کی کاپیاں واپس لے لی گئیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ای سی سی کے اجلاس میں پاکستان مچھر جیولری کمپنی کو حتمی گرانٹ فراہم کرنے کی منظوری بھی دے دی گئی ہے۔ مشیر خزانہ حفیظ شیخ کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں گیس کی قیمتوں میں اضافے سمیت دیگر معاملات کا جائزہ لیا گیا۔ وزارت خزانہ حکام کا کہنا ہے کہ ای سی سی نے اوگرا کی جانب سے گیس کی قیمتوں میں تجویز کردہ اضافہ مسترد کر دیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ای سی سی اجلاس میں سعودی عرب سے ادھار تیل کی سہولت پر غور کیا گیا۔ سعودی عرب سے ادھار تیل کی سہولت یکم جولائی سے شروع ہو جائے گی، پاکستان اسٹیٹ آئل سعودی عرب سے پٹرولیم مصنوعات درآمد کرے گا۔ بتایا جاتا ہے کہ وفاقی کابینہ نے 10 ارب کی 31 سرکاری املاک کی فروخت کی منظوری بھی دی ہے۔ سعودی ڈویلپمنٹ فنڈ پاکستان کو ماہانہ 27 کروڑ 50 لاکھ روپے کا تیل ادھار پر فراہم کرے گا۔ کہتے ہیں کہ غالب خستہ کے بغیر کون سے کام بند ہیں۔ حکومت کا عوام پر کوئی قرض نہیں، جو حکومت سے ریلیف مانگتے ہیں انھیں تمام معاشی اقدامات کے شور و غوغا میں اولین ریلیف ڈاون کی کوئی خیر خبر بھی ملنی چاہیے۔ تبدیلی کی ایک نفسیاتی فضا قائم ہو گی اسے عدم توازن کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ تبدیلی عوامی ریلیف کے ساتھ ہونی چاہیے اور اس میں مزید تاخیر نہ ہو۔ وطن عزیز کا ایک بھوکا بیروزگار خاندان حتمی و دیرینہ چیلنج معیشت کا کا تاس سکتا ہے۔

## بلوچستان: پولیس لائنز پر دہشت گردوں کا ناکام حملہ

بلوچستان کے ضلع لورالائی میں بدھ کے روز پولیس لائنز پر دہشت گردی کا حملہ ناکام بنا دیا گیا جس میں...

[illegible]

---

## چیونٹی کا خون دینے کے لیے جانا

زیر لب

سعد اللہ جان برق
barq@email.com

[illegible]

---

## بھارتی اور کشمیری مسلمان اب کیا سوچ رہے ہیں؟

تعاقب

تنویر قیصر شاہد
tq.shahid@gmail.com

[illegible]

---

## ماڈل کورٹس: قابل تحسین نتائج!

تلخیاں

علی احمد ڈھلوں
Ali.dhillon@ymail.com

[illegible]

---

## افغان امن مذاکرات

عبدالحمید
gfhib169@gmail.com

[illegible]

---

## میثاق شاہ محمود قریشی

زیرو پوائنٹ

جاوید چوہدری
www.facebook.com/javed.chaudhry

[illegible]

---

## کشمیر کا مسئلہ اور ہندوتوا

اگر اجازت ہو

ظہیر اختر بیدری
zaheerakhter999@yahoo.com

[illegible]

## آپ قوم پر احسان کر دیں

نوائے خامہ
ایم جے گوہر
mjgoher@yahoo.com

انگریزی کا ایک مقولہ ہے کہ "ہم دیتے ہیں جب ہی ہم پاتے ہیں": In giving that we receive۔ اس کائنات کے بنانے والے نے یہ قانون طے کر دیا ہے کہ یہاں جو دیتا ہے وہی پاتا ہے اور جس کے پاس دینے کے لیے کچھ نہیں اس کے لیے پانا بھی دنیا میں مقدر نہیں ہو سکتا۔ ایک دانشور کا قول ہے کہ دنیا میں "کچھ" پانے کے لیے "بہت کچھ" کھونا پڑتا ہے۔ خدائے بزرگ و برتر نے دنیا کے رنگ و بو میں چاروں طرف پانے اور کھونے کے اس کے زریں اصول اور قاعدے کو پوری کاملیت کے ساتھ نافذ کر رکھا ہے۔ یہاں موجود ہر چیز کو اپنے وجود کو دوام قائم رکھنے کے لیے دوسروں سے کچھ لینا پڑتا ہے مگر ذرا غور و فکر کیجئے تو معلوم ہوگا کہ ہر چیز کی حالت یہ ہے کہ وہ جتنا لیتی ہے اس سے کئی گنا زیادہ دوسروں کو دینے کی کوشش کرتی ہے۔ آپ پودے ہی کی مثال لے لیجئے جو زمین سے معدنیات اور پانی کشید کرتا ہے۔ ہوا سے نائٹروجن اور سورج سے حرارت لیتا ہے اور اس طرح وہ تقریباً پوری کائنات سے اپنی مطلوبہ غذا حاصل کر کے رفتہ رفتہ ایک تناور درخت بن جاتا ہے۔ مگر اس کے بعد وہ کیا کرتا ہے؟ اس کے بعد اس درخت کا پورا وجود دوسروں کے لیے وقف ہو جاتا

خالی تھا۔ ملک کے پہلے گورنر جنرل قومی خزانے سے چائے کی پیالی تک پینے کے روادار نہ تھے۔ کابینہ کی ایک میٹنگ کے دوران جب گورنر جنرل سے وزراء کرام کے لیے چائے کا بندوبست کرنے کی غرض سے اجازت طلب کی گئی تو فرمایا کہ "یہ لوگ گھر سے چائے پی کر کیوں نہیں آتے؟" اور پھر آئندہ کابینہ کے کسی اجلاس میں چائے نظر نہیں آتی۔

یہ وہ لوگ تھے جو اسی درخت کی مانند اپنے سایہ میں وطن عزیز کو لے کر چل رہے تھے۔ یہ دینے والے لوگ تھے جو دے کر چلے گئے لیکن بعد کے آنے والوں نے یکسر الٹ طرز عمل کا مظاہرہ کیا۔ اس ملک اور قوم کو دینے کی بجائے لینے اور صرف لینے پر نظر رکھی۔ انفرادی، خاندانی، گروہی، جماعتی اور سیاسی مفادات کو قومی و ملکی مفادات پر ترجیح، قومی خزانے پر ذاتی و خاندانی خزانوں میں اضافے کو ترجیح دی اور ملک کو قرضوں کے بوجھ تلے دبا دیا اور احساس ندامت بھی نہیں۔ سیاسی اور ادارہ جاتی کشمکش نے ملک کے جمہوری و معاشی نظام کو بیمار کر کے رکھ دیا ہے۔ انصاف و احتساب کا عمل اقدامات کی زد میں ہے۔ حکومت اور اپوزیشن ایک دوسرے کے مقابل کھڑے ہیں، عوامی اجتماعات و پریس کانفرنسوں سے لے کر ...

## ننانوے کا پھیر

نقطہ نظر
خرم علی راؤ

## حساب کتاب بند کرو

مکالمہ
سلمان عابد
salmanabidpk@gmail.com



## میں رضا علی عابدی کو کیوں پڑھتا ہوں؟

کہتا ہوں سچ
شاکر حسین شاکر
Shakir.hussain512@hotmail.com



## یو ای ٹی علم و تحقیق کی راہ پر گامزن

روشنی
یوسف عباسی
yousaf.abbasi@express.com.pk



## کیا قدرت میں توازن موجود ہے؟

دانش کدہ
drtayyabsinghanvi100@gmail.com



## بازار میں

جو بھی اپنے پاس تھا نذر گرانی ہو گیا
جیب بھی باقی نہیں اور مال بھی باقی نہیں
اوڑھ کر کمبل گئے تھے آج ہم بازار میں
اب جو لوٹے ہیں بدن پر کھال بھی باقی نہیں
(انور مسعود)

## ریلوے کارکردگی نہیں، مہنگائی ترجیح

محمد سعید آرائیں



نئے پاکستان میں جہاں مہنگائی کا نیا ریکارڈ قائم ہوا ہے، وہاں ریلوے معاملات کے تجربہ کار وزیر کی توجہ ریلوے خسارہ پورا کرنے کے لیے کارکردگی بہتر بنانے کی بجائے مسلسل ریلوے کرائے بڑھانے پر مرکوز ہے اور ان کے آنے کے بعد ریلوے کرایوں میں جو ریکارڈ اضافہ ہوا ہے اس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی۔

دس ماہ قبل شیخ رشید احمد کو ریلوے تباہ حال اور بند نہیں بلکہ چلتی ہوئی ملی تھی۔ پیپلز پارٹی کے دور میں وزیر ریلوے غلام احمد بلور نے ریلوے کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا تھا اور ریلوے کے مسافروں نے ریلوے پر عدم اعتماد کر کے مجبوری میں پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر شروع کر دیا تھا۔

کون نہیں جانتا کہ بلور کی وزارت میں غیر اہم ہی نہیں اہم روٹ پر متعدد ٹرینیں بند کر دی گئی تھیں۔ قریب ٹرینیں برائے نام چل رہی تھیں اور مسافر ٹرینوں کے نہ آنے کا پتہ تھا نہ جانے کا۔ ڈیزل ختم ہو جانے سے ٹرینوں کا گھنٹوں خراب رہنا یا کھڑے رہنا روز کا معمول بن چکا تھا۔ بجلی کے بل ادا نہ ہونے سے اہم ریلوے جنکشنوں تک پر تاریکی چھائی رہتی تھی۔ ریلوے ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی نہیں ہو پا رہی تھی اور ٹرینیں گھنٹوں کی تاخیر سے منزل پر پہنچتی رہی ...

... سے حیدرآباد میں پیچھے سے آ کر ٹکرائی ہوئی مال گاڑی سے ٹکرائی جس میں ریلوے کے تین اہلکار ہلاک ہوئے۔ ریلوے حادثات میں اب تک متعدد مسافر زخمی اور ریلوے کا کروڑوں کا نقصان ہو چکا ہے۔ خوشحال خٹک ایکسپریس بھی دو بار حادثات کا شکار ہوئی۔ جعفر ایکسپریس رحیم یار خان میں پٹڑی سے اتری، کوئٹہ میں مال گاڑی کے ساتھ حادثہ پیش آیا۔ لاہور میں ٹرین کی تین بوگیاں یارڈ سے نکلتے ہی پٹڑی سے اتریں۔ حیدرآباد میں دو ٹرینیں ٹکرانے سے چودہ گھنٹے ٹرینوں کی آمد و رفت معطل اور پھر روز تک متاثر رہی اور مسافروں کو گھنٹوں اسٹیشنوں پر سخت گرمی میں اذیت برداشت کرنا پڑی۔ ریلوے محکمے کی کارکردگی بڑھنے کی بجائے بگڑ رہی ہے۔

حیدرآباد حادثے میں ریلوے کی امدادی ٹیمیں وقت پر نہیں پہنچیں اور مقامی لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت لاشیں نکالیں اور زخمیوں کو نکالا جو ریلوے کی اندرونی ابتری کا واضح ثبوت ہے۔ پشاور تا کراچی ریلوے کا ایک اہم ٹریک ہے اور ٹریک کی مرمت کی بجائے بوگیوں کی تزئین و آرائش کر کے نئی نئی ٹرینیں چلائی گئی ہیں جن میں شاہ حسین ایکسپریس کے علاوہ تمام ٹرینیں خسارے میں چل رہی ہیں اور ریلوے خسارہ مسلسل بڑھ رہا ہے ...

## پراسرار نارتھ کوریا

سچ بچا کے
شہلا اعجاز



Social Media Pakistan 03164767348








# اخلاصِ نیّت

## تمام نیک اعمال کے مقبول یا نامقبول ہونے کے لیے اصل بنیاد اس کی نیّت ہے

عنایت کابلگرامی

اللہ تبارک وتعالیٰ نے ابن آدم کی اصل کامیابی کے لیے ایمان اور عمل دونوں کو ضروری اور لازمی قرار دیا ہے۔ یہ ایک ثابت شدہ حقیقت ہے اور اس سے ہر مسلمان کو اچھی طرح سے واقف ہونا چاہیے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کا ذکر کیا ہے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کیے، ایسے لوگوں کے لیے مختلف انعامات کے وعدے کیے گئے ہیں [illegible]





[illegible]

# بیٹیاں ہیں پھلواری.....!

عبدالجبار خان دریشک

اللہ پاک نے ہمیں بے شمار نعمتیں عطا فرمائی ہیں، وہی پاک پروردگار ہمیں بے حساب اور بن مانگے بھی دیتا ہے۔ [illegible]









Social Media Pakistan 03164767348



## فلاحی ریاست کے حصول اور پائیدار و جامع ترقی کے فروغ کے لئے

# بلوچستان کا تاریخ ساز بجٹ

## صوبائی بجٹ ۔ عوامی توقعات کا آئینہ دار

تحریر: نور الحق بلوچ، سیکریٹری خزانہ

کسی بھی ریاست کا سالانہ بجٹ ہر شہری کے حالات زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ بجٹ 2019-20 پاکستان کی تاریخ میں ایک ایسی مثال ہے جس کا تجربہ پہلے نہیں کیا گیا۔ پچھلے طبقہ جات کو برابری کی سطح پر لا کر پورے ملک میں معاشی استحکام کی فضاء قائم کرنے کے لئے ایسا ہی بجٹ ناگزیر ہے۔ امسال بجٹ 2019-20 میں ان طبقہ جات اور سیکٹرز کی ترقی پر زیادہ زور دیا گیا ہے جنہیں کسی نہ کسی وجہ سے پچھلی حکومتوں نے نظر انداز کیے رکھا۔

بلوچستان پاکستان میں ایک منفرد حیثیت کا حامل صوبہ ہے جو مستقبل میں پاکستانی معیشت کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتا ہوا نظر آ رہا ہے لیکن گزشتہ کئی سالوں سے اسے نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ حکومتوں کی کم نظری کی وجہ سے پیدا ہونے والے اقتصادی و معاشی مسائل کے باوجود موجودہ حکومت بلوچستان کے عوام کے لئے ایک تاریخ ساز اور ریکارڈ بجٹ پیش کیا گیا ہے 419.922 بلین روپے کے اس تاریخی بجٹ میں عوام الناس کو مکمل شفافیت کے ساتھ ہر سہولت پہنچانے کا مکمل انتظام کیا جا چکا ہے۔ اس بجٹ کے ساتھ ساتھ ترقیاتی پروگرام کے لئے ریکارڈ 108.133 ارب روپے بھی مختص کئے گئے ہیں۔

چونکہ تعلیم کسی بھی ریاست کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے اس لئے سکول ایجوکیشن کا کل بجٹ 55.72 ارب روپے مختص کیا گیا ہے جس میں 300 سکولوں کی اپ گریڈیشن، 2 ہزار اساتذہ کی بھرتیاں، پرفارمنس مینجمنٹ سسٹم، شکایات مینجمنٹ کا نظام، زلزلہ میں تباہ شدہ سکولوں کی تعمیر نو اور لڑکیوں کے لئے سکولوں کی نئی بسوں کی فراہمی جیسے کئی اقدامات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ مفت کتابیں، وظائف، اساتذہ کے لئے ترقی کورسز، 200 نئے سکولوں کے لئے عمارتی تعمیر اور 800 سکولوں کے لئے صاف پانی اور حفظان صحت کی سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جائے گا۔

اعلیٰ تعلیم کے لئے 14.95 ارب روپے مختص



کئے گئے ہیں جن میں جاری اخراجات کے ساتھ ساتھ لڑکیوں کے تمام کالجوں کے لئے نئی بسوں کی فراہمی، 14 نئے کالجز کی تعمیر، 18 نئے تحقیقی تعلیمی اداروں کا قیام




اور 19 کالجوں کی اپ گریڈیشن کے علاوہ کئی منصوبہ جات شامل ہیں۔

صحت کے لئے کل 34.18 ارب روپے کا سالانہ بجٹ رکھا گیا ہے جس میں جاری اخراجات کے ساتھ مفت ادویات، قومی شاہراہوں پر ایمرجنسی اور ٹراما سنٹرز کا قیام، 3 نئے میڈیکل کالجوں کی تعمیر، امراض قلب کے 4 نئے مراکز کا قیام، 7 نئے نرسنگ سکول، 16 اضلاع میں ڈائیلسز سینٹرز کا قیام اور کوئٹہ کے ہسپتالوں کے لئے طبی آلات کی فراہمی شامل ہیں۔

سماجی تحفظ و بہبود کے لئے 6.4 ارب روپے مختص کئے گئے جن میں مستحق افراد کے لئے کئی منصوبہ جات کو شروع کیا جا رہا ہے تاکہ ان تک بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ صنعت و حرفت اور انرجی کے لئے کل 19.7 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں جس میں توانائی کے کئی منصوبہ جات پایہ تکمیل کو پہنچائے جائیں گے۔

ثقافت اور کھیل کے سیکٹر کو خصوصی توجہ کے بعد 3.6 ارب روپے کے بجٹ میں 3 ارب روپے ترقیاتی فنڈ بھی مہیا کیا گیا ہے۔ جس میں ہر ضلع میں سپورٹس کمپلیکس، 70 سے زائد فٹبال گراؤنڈز، 83 سیاحتی مقامات کی نشاندہی، آثار قدیمہ کی نشاندہی اور ان کا فروغ، آرٹسٹ ویلفیئر فنڈ کا اجراء اور اس کے ساتھ 11 نئی لائبریریوں کا قیام بھی عمل میں لایا جائے گا۔ صوبہ میں امن وامان کی




فضاء کو قائم رکھنے کے لئے 24 ماڈل کورٹس، بلوچستان اور لیویز فورس کی اپ گریڈیشن، جدید فارنزک لیبارٹری، جوڈیشل اکیڈمی اور سی پیک کی حفاظت کے لئے سپیشل پروٹیکشن یونٹ کے قیام کے لئے 44.7 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ معدنیات اور معدنی وسائل کی ترقی کے لئے 2.5 ارب روپے فراہم کئے جا رہے ہیں، جب کہ زراعت اور لائیو سٹاک کے لئے بجٹ کی خطیر رقم مختص کی گئی ہے تاکہ حیوانات اور اجناس اور کم پانی سے اگنے والی فصلات کو فروغ دیا جا سکے۔ سائنس و انفارمیشن ٹیکنالوجی کے لئے 2.2 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔

پانی کی صورتحال کے پیش نظر حکومت نے ذرائع آب کے فروغ کے لئے 28 ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی ہے جس میں 20 ارب روپے ترقیاتی فنڈ کے طور پر مختص ہیں جن سے نئے ڈیموں کی تعمیر، واٹر سپلائی کی سکیموں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے اور 600 غیر فعال واٹر سپلائی سکیموں کی بحالی کا کام لیا جائے گا۔

مواصلات و تعمیرات کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لئے 33.59 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ جن میں ترقیاتی فنڈ کی رقم 24.5 ارب روپے ہے۔ حکومت بلوچستان اپنے وسائل میں رہتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ صوبے میں مواصلاتی نظام کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ بین الاضلاع و قومی شاہراہیں آپس میں منسلک ہو سکیں۔

بلوچستان میں وفاقی حکومت 150 نئے منصوبہ جات کا آغاز کر چکی ہے جن پر کل 856 ارب روپے کی لاگت آئے گی۔ ان منصوبہ جات میں آبی وسائل کی ترقی، مواصلات کے نظام میں بہتری، صنعتی ترقی اور توانائی کے منصوبے شامل ہیں۔

وفاقی حکومت کے فلاحی ریاست کے حصول کے عزم کو آگے بڑھاتے ہوئے صوبہ بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کو بالائے طاق رکھا جانا نہایت ناگزیر امر ہے۔ جس پر موجودہ حکومت بلوچستان مکمل شفافیت اور دیانتداری سے عمل پیرا ہے اور امید کرتی ہے کہ بلوچستان پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں ہمیشہ کی طرح بنیادی کردار ادا کرے گا۔

بعض انتہائی اہم معاملات کیلئے پہلی بار رقوم مختص کی گئی ہیں۔ بلوچستان گزشتہ دو دہائیوں سے دہشت گردی کا شکار ہے پہلی بار موجودہ حکومت نے دہشت گردی کے واقعات میں جاں بحق ہونے والوں کے ورثاء اور زخمیوں کی مناسب امداد کو یقینی بنانے کے باقاعدہ فنڈ قائم کیا ہے۔

اس کے علاوہ تمام علاقوں کی یکساں ترقی اور عام آدمی تک بنیادی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ایک نئی ترقیاتی حکمت عملی اختیار کی گئی ہے جس کے تحت مالی اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور ضلعی سطح پر ترقیاتی عملی ضلعی ترقیاتی پروگرام کا آغاز کیا جا رہا ہے، کوئٹہ ماسٹر پلان کیلئے بجٹ میں رقم مختص کیا جا رہا، سی پیک اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کی حفاظت کیلئے اسپیشل پروٹیکشن یونٹ کا قیام اور ایسے متعدد اقدامات اس بات کا ثبوت ہیں کہ موجودہ حکومت وزیر اعلیٰ جام کمال خان کی قیادت تمام تر نا مساعد حالات کے باوجود چیلنجوں سے نمٹنے کی صلاحیت بھی رکھتی ہے اور حوصلہ بھی۔



### پیغام

**جام کمال خان، وزیر اعلیٰ بلوچستان**

ہمارا منشور ہے کہ عوام کا پیسہ اور وسائل صوبے کے عوام کی معاشرتی اور اقتصادی بہتری کے لئے لگایا جائے۔ اللہ نے صوبے کو بے پناہ قدرتی وسائل سے نوازا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ وسائل کی شفاف انداز میں بہتر منصوبہ بندی کی جائے اور ترقی کی رفتار کو بڑھایا جائے۔ بجٹ کی تیاری کسی بھی حکومت کے لیے ایک بڑا امتحان ہوتا ہے۔ میزانیہ کا مطلب میزان یا انصاف ہے اور ہم نے کوشش کی ہے کہ بجٹ میں کسی بھی علاقہ کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔ ہم نے آئندہ مالی سال میں پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی وعدوں (SDGs) کو بھی مدنظر رکھا ہے۔ آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام میں تمام اضلاع، شعبوں اور شعبوں (Sectors) کے لیے وسائل کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا گیا ہے جبکہ غیر ترقیاتی اخراجات کو کم سے کم سطح پر رکھا گیا ہے۔ اسی لئے حکومت نے 2019-20 کی ترجیحات کا تعین باہمی مشاورت سے کیا۔ اس حکمت عملی کی مدد سے عوامی ترجیحات کی بجٹ میں ترجمانی کی گئی ہے۔



### پیغام

**میر ظہور احمد بلیدی، صوبائی وزیر خزانہ**

پچھلی حکومت سے ملے اقتصادی اور مالی مسائل خاص طور پر ترقیاتی بجٹ کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے بجٹ 2019-20 موجودہ حکومت کے اہداف اور مقاصد کا تعین کرتا ہے۔ یہ سماجی اور اقتصادی شعبوں میں ترقی و خوشحالی کے لئے کامیاب منصوبہ ہوگا۔ ہم شفافیت پر یقین رکھتے ہیں لہٰذا ہم نے عوام دوست بجٹ 2019-20 "پیش کر دیا ہے۔ بجٹ آئندہ مالی سال کے محاصل اور اخراجات کا تخمینہ ہوتا ہے اس لئے اس بجٹ میں ان دونوں کے اندازے Accuratly لگائے گئے ہیں جس کی ایک مثال یہ ہے کہ PSDP میں شامل ہر نئے منصوبے کے لیے Concept Paper کی منظوری کی شرط رکھی گئی تاکہ کسی بھی منصوبے کے لیے اس کے حقیقی اخراجات کا صحیح اندازہ لگایا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی حکومت کا یہ پہلا بجٹ ہے، باہمی مشاورت، ماہرانہ آراء اور دن رات کی انتھک کوششوں کی بدولت عوام کی خواہشات کے عین مطابق ایک متوازن اور عوام دوست بجٹ کی تیاری میں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔

| نمبر شمار | ضلع | اسکیموں کی تعداد: جاری | اسکیموں کی تعداد: نئی | اسکیموں کی لاگت: جاری | اسکیموں کی لاگت: نئی | ٹوٹل (صوبائی PSDP) | وفاقی اسکیمیں: اسکیموں کی تعداد | وفاقی اسکیمیں: لاگت | گرینڈ ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | آواران | 8 | 34 | 2279.399 | 693.145 | 2972.544 | 2 | 1446.201 | 4418.745 |
| 2 | بارکھان | 7 | 51 | 343.767 | 1076.433 | 1420.2 | 0 | 0 | 1420.2 |
| 3 | بیلہ | 27 | 59 | 4293.308 | 4280.675 | 8573.983 | 5 | 27856.7 | 36430.683 |
| 4 | چاغی | 12 | 55 | 1539.13 | 2637.665 | 4176.795 | 4 | 24855 | 29031.795 |
| 5 | ڈیرہ بگٹی | 12 | 46 | 2437.062 | 2394.75 | 4831.812 | 5 | 28186.19 | 33018.002 |
| 6 | ڈکی | 7 | 21 | 1631.258 | 1196.821 | 2828.079 | 0 | 0 | 2828.079 |
| 7 | گوادر | 21 | 36 | 6265.993 | 4635.598 | 10901.591 | 25 | 88690.155 | 99591.746 |
| 8 | ہرنائی | 16 | 20 | 2091.074 | 417.82 | 2508.894 | 1 | 300 | 2808.894 |
| 9 | جعفر آباد | 14 | 87 | 3078.906 | 2185.42 | 5264.326 | 0 | 0 | 5264.326 |
| 10 | جھل مگسی | 21 | 33 | 440.33 | 5487.454 | 5927.784 | 1 | 18027.091 | 23954.875 |
| 11 | کچھی | 26 | 35 | 2690.47 | 3534.732 | 6224.779 | 3 | 8776.76 | 15001.539 |
| 12 | قلات | 15 | 35 | 1888.165 | 857.116 | 2745.281 | 1 | 300 | 3045.281 |
| 13 | کیچ | 31 | 124 | 13614.227 | 4985.088 | 18599.315 | 0 | 0 | 18599.315 |
| 14 | خاران | 8 | 13 | 1550.796 | 1059.123 | 2609.919 | 4 | 27979.18 | 30589.099 |
| 15 | خضدار | 20 | 97 | 12176.486 | 2135.63 | 14312.116 | 11 | 9097.077 | 23409.193 |
| 16 | کوہلو | 8 | 37 | 1793.586 | 1172 | 2965.586 | 0 | 0 | 2965.586 |
| 17 | لورالائی | 11 | 26 | 5746.942 | 2327.359 | 8074.301 | 3 | 6764.731 | 14839.032 |
| 18 | مستونگ | 9 | 37 | 2364.402 | 767.4 | 3131.802 | 2 | 14844.4 | 17976.202 |
| 19 | موسیٰ خیل | 19 | 21 | 2708.259 | 632.963 | 3341.222 | 3 | 2999.51 | 6340.732 |
| 20 | نصیر آباد | 11 | 52 | 1166.362 | 3481.123 | 4647.485 | 3 | 5507.21 | 10154.695 |
| 21 | نوشکی | 6 | 36 | 1561.493 | 1868.613 | 3430.106 | 4 | 12274.02 | 15704.126 |
| 22 | پنجگور | 12 | 30 | 2170.584 | 2577.047 | 4747.631 | 1 | 17421.44 | 22169.071 |
| 23 | پشین | 13 | 69 | 3324.983 | 2358.51 | 5683.493 | 4 | 936.387 | 6619.88 |
| 24 | قلعہ عبداللہ | 27 | 70 | 8103.939 | 2474.331 | 10578.27 | 3 | 4793.425 | 15371.695 |
| 25 | قلعہ سیف اللہ | 21 | 43 | 6992.739 | 905.87 | 7898.609 | 3 | 6106.786 | 14005.395 |
| 26 | کوئٹہ | 102 | 317 | 52697.85 | 33726.566 | 86424.4166 | 22 | 22863.97 | 109288.386 |
| 27 | شہید سکندر آباد | 3 | 21 | 111.297 | 991.792 | 1103.089 | 0 | 0 | 1103.089 |
| 28 | شیرانی | 3 | 5 | 2819.146 | 133.437 | 2952.583 | 0 | 0 | 2952.583 |
| 29 | سبی | 11 | 45 | 1030.596 | 2505.267 | 3535.863 | 2 | 622.84 | 4158.703 |
| 30 | صحبت پور | 5 | 37 | 265.695 | 1774.341 | 2040.036 | 0 | 0 | 2040.036 |
| 31 | واشک | 9 | 30 | 1595.077 | 923.44 | 2518.517 | 0 | 0 | 2518.517 |
| 32 | ژوب | 23 | 38 | 5403.787 | 1006.564 | 6410.351 | 5 | 85252.26 | 91662.611 |
| 33 | زیارت | 27 | 32 | 604.587 | 1706.3 | 2310.887 | 3 | 1356.5 | 3667.387 |
| 34 | پراونشل | 118 | 104 | 104827.09 | 72683.751 | 177510.845 | 36 | 598358.007 | 775868.852 |
| 35 | بیرون بلوچستان | 2 | 0 | 214 | 0 | 214 | 0 | 0 | 214 |
|  | ٹوٹل | 665 | 1796 | 261822.4 | 171594.144 | 433416.51 | 156 | 1015615.84 | 1449032.35 |

نوٹ: صوبائی سکیمز میں وہ تمام سکیمیں شامل ہیں جو کئی اضلاع/ڈویژنز پر مشتمل ہیں

## مشکل حالات میں متوازن بجٹ

تحریر: صباح الدین صبا

بلوچستان اسمبلی میں مالی سال 2019-20 کا صوبائی بجٹ پیش کیے جانے کے موقع پر حزب اختلاف کے اراکین نے خسارے کا بجٹ پیش کیے جانے پر احتجاج کیا، بجٹ کی کاپیاں پھاڑ دیں اور واک آؤٹ کیا۔ یہ بات اس لیے حیرت انگیز ہے کہ حزب اختلاف کی جماعتوں میں تقریباً سبھی حکومتیں شامل رہ چکی ہیں اور یہ بات سب کے علم میں ہے کہ خسارے کا بجٹ پہلی بار پیش نہیں کیا گیا۔ اپوزیشن اور دیگر عناصر کو ٹھنڈے دل سے بجٹ تجاویز کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ خاص طور سے طویل عرصے سے جاری مالیاتی بد نظمی، اور انتظامی ابتری کی صورتحال کے باعث پیدا ہونے والی مشکل صورتحال میں بجٹ کا جائزہ لیا جائے تو یقیناً ردعمل مختلف ہوگا۔ اکثر حلقوں کی جانب سے 8 ماہ قبل جب یہ حکومت برسر اقتدار آئی تو کہا جا رہا تھا کہ موجودہ صورتحال میں صوبائی ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی بھی مشکل ہو جائے گی۔ لیکن موجودہ حکومت نے بحرانی کیفیت پر قابو پایا، مالیاتی نظم و ضبط نافذ کرنے کی غرض سے اصلاحات اور بعض مشکل فیصلے بھی کیے۔ پی آر اے کی فعالیت، ٹیکسوں کی وصولی اور ایسے بہت سے دیگر اقدامات کے باعث معیشت میں بہتری اور استحکام کی صورتیں پیدا ہونا شروع ہوئیں۔ نئے مالی سال کے بجٹ میں حکومت نے وفاق کی طرز پر ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ کیا۔ جو بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیش نظر یقیناً بہت کم ہے لیکن مالی لحاظ کی موجودہ کیفیت میں غنیمت نظر آتی ہے۔ علاوہ ازیں حکومتی ٹیم نے ایسی تدابیر اختیار کیں




کہ سرکاری محکموں میں نئی آسامیاں نکالی جاسکیں جس سے بیروزگاری کے مسئلہ کی شدت میں کمی ہو سکے گی۔ اس بجٹ کی تیاری سے قبل صوبائی حکومت نے وفاقی پی ایس ڈی پی کیلئے جو منصوبے تجویز کیے وہ سب کے سب وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کر لیے گئے جو حکومت کی بڑی کامیابی ہے جس کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ جام کمال خان کو دینا ہی پڑے گا۔ صوبائی حکومت خاص طور سے محکمہ خزانہ کے افسران کی دن رات کی محنت اور عرق ریزی کے بعد بالآخر آئندہ مالی سال کیلئے بلوچستان کا بجٹ تیار کر لیا گیا۔ حکومت بلوچستان نے مالی سال 2019-20 کیلئے 4 کھرب 19 ارب 92 کروڑ روپے کا بجٹ پیش کر دیا ہے۔ بجٹ میں ترقیاتی منصوبوں کے لئے 128 ارب روپے جبکہ غیر ترقیاتی اخراجات کے لیے 291 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ بجٹ کا خسارہ 47 ارب روپے ظاہر کیا گیا ہے۔ جو وفاقی محصولات اور صوبے کے اپنے وسائل سے پورا کیا جائے گا۔ وفاقی کے تعاون سے مکمل کیے جانے والے منصوبوں کے لیے 18 ارب 21 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں جبکہ غیر ملکی معاونت سے مکمل کیے جانے والے منصوبوں کا تخمینہ 7 ارب 56 کروڑ 1 1 لاکھ روپے ہے۔ مالی سال 2019-20 کے صوبائی بجٹ میں تعلیم پر 55 ارب 72 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں جبکہ ہائر ایجوکیشن کیلئے 14 ارب 98 کروڑ روپے رکھے گئے ہیں۔

صحت کے شعبے میں 34 ارب 18 کروڑ روپے جبکہ پانی کے منصوبوں کے لیے 28 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ کئی دہائیوں سے صوبے میں موجود امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر امن کے لیے 44 ارب 70 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ وزیر اعلیٰ جام کمال خان کی ذاتی دلچسپی اور انتھک کوششوں کے نتیجے میں 150 نئے وفاقی منصوبے اور غیر ملکی تعاون سے 100 منصوبے شامل کیے گئے ہیں۔ صوبائی بجٹ میں ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں وفاقی حکومت کے فیصلے کو برقرار رکھا گیا ہے اور گریڈ 1 سے 16 تک کے ملازمین کی تنخواہوں میں 10 فیصد، گریڈ 19 سے 20 تک کے افسران کی تنخواہوں میں 5 فیصد ایڈہاک ریلیف دیا جائے گا۔ جبکہ 21 اور 22 گریڈ کے افسران کی تنخواہوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔ کم از کم تنخواہ 17500 روپے مقرر کی گئی ہے۔ صوبائی بجٹ میں پہلی بار معذور ملازمین کیلئے 2000 روپے اسپیشل الاؤنس کا اعلان کیا گیا ہے۔ صوبائی محکموں میں مجموعی طور پر 5445 نئی آسامیاں پیدا کرنے کا اعلان بھی کیا گیا ہے۔ نئے مالی سال کے دوران محکمہ تعلیم میں 1057، محکمہ صحت میں 1019 جبکہ لیویز اور پولیس فورس میں 1150 نئی آسامیاں پیدا کی جا رہی ہیں۔ بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن خسارہ کا بجٹ پیش کیے جانے پر احتجاج کیا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ جب موجودہ برسراقتدار آئی تو ایسے نہایت مشکل مالی و معاشی صورتحال ورثے میں ملی تھی اور اکثر حلقوں کا خیال تھا کہ حکومت اگلے مالی سال کا بجٹ تیار نہیں کر سکے گی۔ تمام تر نامساعد حالات کے باوجود ایک متوازن اور قابل عمل بجٹ کی تیاری موجودہ حکومت کا اہم کارنامہ ہے خاص طور سے پہلی بار وفاقی بجٹ بلوچستان کے تجویز کردہ تمام ترقیاتی منصوبوں کی منظوری حکومت کی بڑی کامیابی ہے۔ نئے مالی سال کے بجٹ کا جائزہ لینے سے پتہ چلتا ہے کہ تعلیم اور صحت کے شعبے حکومت کی اولین ترجیحات میں ہیں۔

بجٹ میں ظاہر کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق نئے مالی سال کے دوران صوبہ میں 123 نئے پرائمری اسکول قائم کیے جائیں گے جبکہ 125 اسکولوں کو مڈل کا درجہ دینے اور 94 مڈل اسکولوں کو ہائی اسکول کا درجہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ 26 ہائی اسکولوں کو ہائر سیکنڈری اسکول کے طور پر اپ گریڈ کیا جائے گا۔




دور افتادہ علاقوں میں 151 اسکول بسیں مہیا کی جائیں گی۔ جبکہ ہائی اسکولوں میں 153 ملین روپے کی لاگت سے سائنس لیبارٹریز بنانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں ضلع کیچ، نوشکی، قلعہ سیف اللہ اور جعفر آباد میں نئے ایلیمنٹری کالجز قائم کیے جائیں گے۔ اس مقصد کیلئے نئے مالی سال کے بجٹ میں 500 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ پہلی بار یونیورسٹیوں کے چار نئے کیمپس قائم کرنے کے لیے صوبائی حکومت اپنے وسائل کے 150 ملین روپے فراہم کر رہی ہے۔ صحت کے شعبے میں مختلف اسکیموں کے لیے 34 ارب 18 کروڑ روپے رکھے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ






# اگر آپ سوشل میڈیا پاکستان گروپ میں ایڈ ہونا اور مندرجہ ذیل مواد حاصل کرنا چاہتے ہیں

- تمام پاکستانی اخبارات
- روزانہ کی نوکریوں کے اشتہارات
- ہر گھنٹے کی خبریں
- کتابیں اور میگزین
- سنڈے میگزین
- کرکٹ اپڈیٹس
- پاکستانی ٹی وی شوز
- پاکستانی اور انڈین ٹی وی ڈرامے
- تعلیمی کتابیں
- پاکستانی، انڈین، انگلش فلمیں اور بہت کچھ جو آپ پسند کریں گے۔

ابھی گروپ میں ایڈ ہونے کی ماہانہ فیس صرف 50 روپے جمع کروا کر ایڈ ہو سکتے ہیں۔
جو ہر مہینے جمع کروانا لازم ہو گی۔

## فیس جمع کروانے کا طریقہ

کسی بھی جاز موبی کیش شاپ یا ایزی پیسہ شاپ پر جا کر مندرجہ ذیل نمبر پر فیس سینڈ کر دیں۔

جاز کیش کے لئے اس نمبر پر فیس سینڈ کریں 0324-4072720

ایزی پیسہ کے لئے اس نمبر پر فیس سینڈ کریں 0345-6738217

فیس جمع کروا کر متعلقہ نمبر پر تصدیقی پیغام یا جس نمبر سے فیس بھیجی ہے بتا کر اپنا نمبر گروپ میں ایڈ کروا کے واٹس ایپ کے سب سے بڑے گروپ کا حصہ بنیں۔

**نوٹ: نقالوں سے ہوشیار رہیں، اوپر دیے گئے نمبرز کے علاوہ کسی نمبر پر فیس مت سینڈ کریں**

Whatsapp Group

# Social Media Pakistan

## JOIN US FOR

Latest Job Information

News Papers, News Headlines

All Type Education Contents

TV Shows & TV Dramas

&

Much More You Want

## Admin's

Saif ur Rehman
0324-4072720

Khaliq Hassan
0345-6738217

Usman Bhatti & Sharif Khan